© rasailojaraid.com

یہ امید بھی رکھتے ہیں کہ آئندہ اگر کوئی لافہ گو مسلک اہلحدیث کے خلاف زبان طعن دراز کرے تو ہمسلک کے دفاع کیلئے ایسی کتب لکھ کر نہ صرف یہ کہ مسلک کا دفاع کریں گے بلکہ جماعت اہلحدیث کی نیک نامی کا بھی فریضہ ادا کریں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ کتاب کی کمپوزنگ، طباعت، کاغذ عمدہ ہے اور ٹائٹل بھی خوبصورت ہے اور قیمت نہایت مناسب۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تبصرہ نگار: عابد محمود قدوسی

## غیر اللہ کو پکارنا

مصنف: ابوانس محمد یحییٰ گوندلوی حفظہ اللہ

صفحات: 32، قیمت: تقسیم بلا قیمت

ناشر: جامعہ تعلیم القرآن والحدیث ساہووالہ سیالکوٹ

اہل بدعت نے ہمیشہ شمع توحید کو گل کرنے کی قبیح کوشش کی لیکن شمع توحید کے پروانوں نے بمثل مشکوٰۃ اس کی حفاظت کی... اور یہ ثابت کردیا کہ

پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

موجودہ پرفتن دور میں جو علماء روایات اسلاف کو زندہ رکھے ہوئے ہیں ان میں ایک نام شیخ الحدیث مولانا محمد یحییٰ گوندلوی حفظہ اللہ کا بھی ہے۔

مولانا محمد یحییٰ گوندلوی صاحب کی شخصیت دینی علمی اور جماعتی حلقوں میں محتاج تعارف نہیں۔ آپ کی تدریسی، علمی اور جماعتی خدمات کی ایک طویل فہرست ہے۔ خصوصاً عظیم محدث علامہ ناصر الدین البانیؒ کی تصحیح کردہ صحاح ستہ کی مشہور کتابیں صحیح سنن ترمذی (4 جلد) اور سنن ابن ماجہ (3 جلد) کا ترجمہ وتشریح آپ کی تصنیفی خدمات کا جامع مرقع پیش کرتی ہیں۔ علاوہ ازیں باطل فرقوں کی تردید پر مشتمل ''مقلدین ائمہ کی عدالت میں'' ''داستان حنفیہ موضوع اور ضعیف روایات جیسی گرانقدر تحقیقی کتب متلاشیان حق کیلئے مشعل راہ ہیں۔

زیر نظر رسالہ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جس میں موصوف نے ''کیا یا رسول اللہ ﷺ کہنا شرک ہے'' نامی رسالے کا علمی جائزہ لیتے ہوئے حقائق سے پردہ اٹھایا ہے اور مولف کی جانب سے کیئے گئے مغالطات وشبہات کو دلائل ونصوص کی روشنی میں طشت ازبام کیا ہے جو قابل تحسین ہے۔

## مسنون دعائیں (پاکٹ سائز)

جمع وترتیب: استاذ الحدیث ابوانس محمد یحییٰ گوندلوی

ناشر: جامعہ تعلیم القرآن والحدیث ساہووالہ سیالکوٹ

دعا مومن کا ہتھیار اور حصن المسلم ہے......

دعا بندہ اور معبود کے مابین تعلق کا موثر ذریعہ ہے اس تعلق و رابطے کو استوار رکھنے کیلئے اسلام نے تمام شعبہ ہائے زندگی کی متعلقہ دعاؤں کی تعلیم دی ہے۔

زیر نظر مجموعہ میں زندگی کے تمام شعبوں کے متعلق مسنون دعائیں جمع کردی گئی ہیں ہر مسلمان کو چاہیے کہ وہ ان دعاؤں کو خود بھی اپنی زندگی کے معمولات میں شامل کرے اور دوسروں کو بھی ترغیب دے تاکہ ہر لحظہ ہمارا تعلق خدائے واحد سے وابستہ رہے۔ **وما توفیقی الا باللہ**

دیدہ زیب فور کلر ٹائٹل، معیاری کمپوزنگ، اور دو رنگہ طباعت جیسی خوبیوں کی حامل یہ کتاب مذکورہ بالا ایڈریس سے مفت حاصل کی جاسکتی ہے۔

## اظہار تعزیت

گذشتہ دنوں مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے نائب امیر اور جامعہ علوم اثریہ جہلم کے رئیس علامہ محمد مدنی صاحب جہلم میں، مولانا اشرف جاوید صاحب لائبریرین جامعہ سلفیہ فیصل آباد کی والدہ محترمہ کھرڑیانوالہ میں اور مولانا محمد ادریس السلفی صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی مدرس جامعہ سلفیہ فیصل آباد کی والدہ محترمہ ستھیالہ ضلع فیصل آباد میں اور جماعت اہلحدیث کا عظیم وقیمتی سرمایہ پروفیسر حافظ عطاء الرحمن ثاقب صاحب لاہور میں وفات پاگئے انا للہ وانا الیہ راجعون۔

جامعہ سلفیہ کے اساتذہ اور طلبہ نے مرحومین کی الگ الگ نماز جنازہ میں وفود کی شکل میں شرکت کی اور لواحقین سے اظہار تعزیت کیا۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی بشری لغزشوں سے صرف نظر کرتے ہوئے انہیں اعلیٰ علیین میں بلند مقام عطا فرمائے۔ اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق فرمائے آمین۔

نیز محسن اہلحدیث شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اسماعیل سلفی رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند ارجمند پروفیسر محمد بن سلفی کی وفات حسرت آیات پر حزن وملال اور لواحقین سے اظہار تعزیت کیا گیا۔

اللھم اغفر لھم وارحمھم وعافھم واعف عنھم۔



© rasailojaraid.com